**20.05.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں......ضمیر رضوی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ بھارت اور اٹلی نے اپنے تعلقات کو بہتر کرکے خصوصی جامع شراکت داری میں بدلنے سے اتفاق کیا ہے۔ فریقین نے حساس معدنیات، دفاع اور زراعت سمیت کلیدی شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کی غرض سے 15 سمجھوتوں پر دستخط کئے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی کو، FAO کے اعلیٰ ترین باوقار Agricola میڈل سے نوازا گیا ہے۔ وزیرِ اعظم نے اِس ایوارڈ کو بھارت کے کسانوں کو منسوب کیا ہے۔

☆ مغربی بنگال سرکار نے شہریوں کے (ترمیمی) قانون کے تحت، غیرقانونی بنگلہ دیشی دراندازوں کو ملک بدر کرنے کی کارروائیوں کو فوری طور پر شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ اقوامِ متحدہ کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مغربی ایشیا جنگ کے باوجود اِس سال بھی بھارت چھ اعشاریہ چار فیصد کی پیشرفت کے ساتھ دنیا کی سب سے تیزی سے بڑھتی ہوئی بڑی معیشت بنا رہے گا۔

☆ IMD نے اترپردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں آئندہ دو سے تین دنوں میں شدید گرمی کی لہر کی صورتحال کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، میزبان کولکاتہ نائٹ رائیڈرس اور ممبئی انڈینس کے درمیان، ایڈن گارڈنس میں میچ جاری ہے۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**PM Meloni**

بھارت اور اٹلی نے آج مختلف شعبوں میں 15 معاہدوں کو حتمی شکل دی۔ اِن معاہدوں پر وزیر اعظم نریندر

مودی اور اٹلی کی اُن کی ہم منصب جارجیا میلونی کے درمیان وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد آج Rome میں دستخط کیے گئے۔ یہ معاہدے، دو طرفہ تعلقات کے خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری میں بدلنے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ دونوں فریقوں نے اہم معدنیات، دفاع، زراعت، آیوروید، سائنس و ٹیکنالوجی، بحری ٹرانسپورٹ اور بندرگاہوں جیسے اہم شعبوں میں اشتراک کو وسعت دینے کی خاطر کئی مفاہمت ناموں پر بھی دستخط کیے۔ بھارت اور اٹلی، ٹیکس جرائم، منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف تال میل مضبوط کرنے پر بھی رضامند ہوگئے ہیں۔

بات چیت کے بعد صحافتی بیان میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ فریقین نے دو طرفہ تعلقات کو تقویت دینے کیلئے کافی غور و خوض کیا ہے۔

S/B: PM - Relation Upgrade

جناب مودی نے کہا کہ بھارت-اٹلی مشترکہ اسٹریٹجک کارروائی جاتی منصوبہ 2025-2029، دو طرفہ تعلقات کیلئے عملی اور مستقبل پر مبنی فریم ورک فراہم کرے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں فریق، بھارت-اٹلی اختراعی مرکز کے قیام کی جانب کام کر رہے ہیں اور بھارت-اٹلی دفاعی صنعتی روڈ میپ نے دفاعی شعبے میں مشترکہ پیداوار اور مشترکہ ترقی کے نئے امکانات روشن کیے ہیں۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ بھارت اور اٹلی بحری طاقتوں کے طور پر جہاز رانی، بندرگاہوں کی جدید کاری، لاجسٹکس اور نیلگوں معیشت کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دیں گے۔

S/B: PM Modi- Maritime Defence

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور اٹلی، یوکرین، مغربی ایشیا اور عالمی کشیدگی کے دیگر معاملوں پر لگاتار رابطے میں رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آگے کا راستہ، مذاکرات اور سفارتکاری ہی ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ دہشت گردی کو انسانیت کیلئے سنگین خطرے کے طور پر دیکھنے کے معاملے میں بھارت اور اٹلی متحد ہیں اور دہشت گردی نیٹ ورکس کی مالی معاونت کے خلاف سخت کارروائی کی ضرورت ہے۔

S/B: PM Modi Terrorism/ West Asia

اقتصادی اشتراک کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ دونوں ممالک، ''بھارت اور اٹلی میں ڈیزائن اور ڈیولپ کرنے اور دنیا کو فراہم کرنے'' کے نظریے کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی نے کہا کہ یہ خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری، باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی بھارت-اٹلی تعلقات کی بڑھتی گہرائی کی عکاسی کرتی ہے۔ محترمہ میلونی نے بھارت-بحر الکاہل خطے میں جہازرانی کی آزادی کو یقینی بنانے اور کلیدی شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

S/B: Giorgia Meloni PM Italy

وزیر اعظم مودی نے اٹلی کے صدر Sergio Mattarella سے بھی ملاقات کی اور تجارت، ٹیکنالوجی، صاف ستھری توانائی اور ثقافت جیسے شعبوں میں دو طرفہ ساجھیداری کو مزید وسعت دینے پر تبادلۂ خیال کیا۔

جناب مودی، پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے پانچویں اور آخری مرحلے کے تحت کل، اٹلی پہنچے۔

اِس سے پہلے وزیر اعظم نے متحدہ عرب امارات، نیدر لینڈس، سوئیڈن اور ناروے کا اپنا دورہ مکمل کیا۔ x

**Rev. PM FAO**

وزیر اعظم نریندر مودی کو آج اٹلی کے روم میں فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن، FAO کے صدر دفتر میں باوقار Agricola اعزاز سے نوازا گیا۔ اعزاز حاصل کرنے پر وزیر اعظم نے اِس انعام کو بھارت کے لاکھوں کسانوں، مویشی پالنے والوں، ماہی گیر کسانوں، زرعی سائنسدانوں اور کارکنوں کو منسوب کیا۔ یہ انعام FAO کے ڈائریکٹر جنرل Qu dongyu کی جانب سے پیش کیا گیا۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ اعزاز، خوراک کی یقینی فراہمی، پائیدار ترقی اور انسانی فلاح و بہبود کے تئیں بھارت کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خوراک کی یقینی فراہمی محض پالیسی کا معاملہ نہیں ہے بلکہ انسانیت کے تئیں ذمے داری بھی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت، پائیدار، موسم کے مطابق لچکدار اور مستقبل کیلئے تیار زرعی ایکو نظام تشکیل دے رہا ہے، جبکہ ملک بھر میں سائنسی زراعت کو مشن موڈ پر فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹیکنالوجی، بھارتی زراعت کی بڑی طاقت بن رہی ہے اور زراعت کا مستقبل صرف زیادہ پیداوار میں نہیں بلکہ بہتر پیداوار میں ہے۔

S/B: PM

Agricola اعزاز، FAO کے ڈائریکٹر جنرل کی جانب سے دیا گیا اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔ یہ اعزاز، دنیا میں خوراک کی یقینی فراہمی، پائیدار زراعت، غریبی کم کرنے اور غذائیت کی بہتری کے ضمن میں غیر معمولی اور طویل مدتی تعاون کرنے والے سرکردہ عالمی رہنماؤں اور افراد کو دیا جاتا ہے۔ x

**India UAE Trade**

بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تجارت، جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے کی مدد کے ساتھ، 100 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے۔ نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران بھارت میں متحدہ عرب امارات کے سفیر Abdulnasser Alshaali نے کہا کہ دونوں ممالک نے سال 2032 تک باہمی تجارت کا 200 ارب امریکی ڈالر کا ہدف مقرر کیا ہے۔x

WB CAA

مغربی بنگال میں وزیرِ اعلیٰ سووہندو اَدھیکاری نے ترمیم شدہ شہریت کے قانون یا CAA کے تحت غیرقانونی بنگلہ دیشی دراندازوں کو ملک سے باہر نکالنے کی کارروائیوں کو فوری طور سے شروع کرنے کا اعلان کیا۔ سرحد پر تار باڑھ لگانے کیلئے باڈر سکیورٹی فورس کو زمین سونپنے کی ایک تقریب کے دوران Nabanna کے مقام پر خطاب کرتے ہوئے، جناب اَدھیکاری نے کہا کہ اب دراندازوں کو براہ راست BSF کے حوالے کیا جائے گا۔ یہاں سے انہیں ملک بدر کرنے کی غرض سے BDR کے ساتھ انتظامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے اِس نئی کارروائی کو 'پتہ لگانا، حذف کرنا اور ملک بدر کرنا'' قرار دیا۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ مرکزی وزارتِ داخلہ نے پچھلے سال 14 مئی کو رہنما خطوط جاری کئے ہیں، جن میں ریاستوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ دراندازوں کی شناخت کریں اور انہیں BSF کے حوالے کریں۔

انہوں نے الزام لگایا کہ سابقہ ترنمول سرکار، ان ہدایات کو نافذ کرنے میں ناکام رہی۔ جناب اَدھیکاری نے واضح کیا کہ CAA کے تحت تحفظ فراہم کردہ سات برادریوں کے اراکین کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی، بشرطیکہ وہ 31 دسمبر 2024 سے قبل بھارت میں داخل ہوئے ہوں۔x11

**Pradhan NEET Security**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے، آنے والے NEET-UG امتحان کے محفوظ، بہتر طریقے سے اور شفاف طور پر دوبارہ انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے، سخت نگرانی اور نقائص سے پاک انتظامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جناب پردھان نے یہ بات آج نئی دلّی میں مرکزی سکیورٹی اور انٹلی جنس ایجنسیوں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انڈر گریجویٹ طبی تعلیم میں داخلے کیلئے NEET-UG کا دوبارہ امتحان، 21 جون کو منعقد کیا جائے گا۔x

**NEET Custody**

دلّی کی ایک عدالت نے NEET پیپر لیک کیس میں پانچ ملزمین کو اگلے مہینے کی 2 تاریخ تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ اِن ملزمین میں مانگی لال کھاٹِک، وکاس بیِوال، دنیش بیِوال، لیش یادو اور دھننجے لوکھنڈے شامل ہیں۔ عدالت نے ایک دیگر ملزم شُبھم کھیر نار کی CBI تحویل میں توسیع کر دی ہے۔ CBI نے اپنے ریمانڈ پیپر میں کہا ہے کہ کھیر نار کی مزید تفتیش کی ضرورت ہے تاکہ اُن دیگر ملزمین کی پہچان کی جاسکے اور پتہ لگایا جاسکے، جنہیں کھیرنار نے NEET-UG-2026 امتحان کے سوالیہ پرچے بیچے تھے۔

پرچہ لیک ہونے کے الزامات کے درمیان پچھلے مہینے کی 3 تاریخ کو لیا گیا NEET-UG-2026 امتحان منسوخ کر دیا گیا تھا۔ اِس معاملے میں ہوئی بے ضابطگیوں کی جامع جانچ کی ذمے داری کا کام، CBI کو سونپا گیا ہے۔ x

**SC Cast Enumeration**

سپریم کورٹ نے آج اُس عذرداری کو خارج کردیا، جس میں آنے والی مردم شماری کے ایک حصے کے طور پر ذات پر مبنی مردم شماری کرائے جانے کے مرکز کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ یہ معاملہ سرکار کے پالیسی کے دائرے میں آتا ہے۔ عدالتِ عظمٰی نے کہا کہ سرکار یہ جاننا چاہتی ہے کہ پسماندہ طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تعداد کتنی ہے تاکہ اُن کیلئے فلاحی اقدامات کئے جاسکیں۔x

**Rajnath  South Korea**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج Seoul میں جنوبی کوریا کے دفاعی حصولیابی کے پروگرام کے انتظامیہ کے وزیر Lee Yong-Chul سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، جناب سنگھ نے کہا کہ میٹنگ کے دوران فریقین نے مشترکہ فروغ، مشترکہ پیداوار اور مشترکہ برآمدات کیلئے بارآور کوششوں کو تیز کرنے سے اتفاق کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کے اختراعی ایکو نظاموں میں تعاون کرنے کے KIND-X پہل کے امکانات کو تلاش کرنے کیلئے لائحہ عمل وضع کرنے پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اس سے قبل، دن میں جناب سنگھ نے جنوبی کوریا کے اپنے ہم منصب Ahn Gyu Back کے ساتھ Seoul میں میٹنگ کی۔x

**India Economy UN Report**

مغربی ایشیا کے تنازع کی وجہ سے غیر یقینی کی عالمی صورتحال کے باوجود اقوام متحدہ نے اپنی رپورٹ میں موجودہ سال کیلئے بھارت کی شرحِ ترقی کا اندازہ چھ اعشاریہ چار فیصد لگایا ہے، جس سے بھارت دنیا کی سب سے تیزی سے بڑھنے والی بڑی معیشت بنا رہے گا۔ اقوام متحدہ کے سینئر ماہرِ معاشیات Ingo Pitterle نے عالمی معاشی صورتحال اور امکانات سے متعلق وسط سالہ رپورٹ سے متعلق کل صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی مضبوط گھریلو مانگ، عوامی سرمایہ کاری اور برآمداتی خدمات میں اضافے کی بدولت معیشت کو مدد ملتی رہے گی۔ اقوام متحدہ کی اقتصادی جائزہ اور پالیسی ڈویژن کے ڈائریکٹر Shantano مکھرجی نے متنوع معیشت، ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور بہتر ٹیکس محصول کو بھارت کی اہم طاقت قرار دیا۔ x

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اترپردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں اگلے دو سے تین دنوں میں گرم لہر سے شدید گرم لہر جاری رہنے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ توقع ہے کہ اِسی طرح کی صورتحال کل تک ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب، بہار، چھتیس گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، ہماچل پردیش، اڈیشہ، راجستھان، تلنگانہ اور اتراکھنڈ میں بھی جاری رہے گی۔ موسمیات کی ایجنسی نے گنگائی مغربی بنگال، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں آئندہ دو دنوں کیلئے گرم اور مرطوب موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے انڈمان و نکوبار جزائر، کیرالہ، ماہے، جنوبی اندرونی کرناٹک، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں کل شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق ساحلی آندھرا پردیش، اندرونی کرناٹک، جموں و کشمیر اور لداخ میں آئندہ دو دنوں میں گرج چمک کی صورتحال جاری رہے گی۔

اِسی دوران بہار، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، کونکن، گوا، لکشدیپ، مدھیہ مہاراشٹر، رائل سیما اور شمال مشرقی خطے کے حصوں میں کل بجلی چمکنے اور تند ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کی صورتحال رہے گی۔ IMD نے کہا ہے کہ جنوبی صومالیہ کے ساحل پر اور ساحل سے دور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ خلیجِ Mannar، متصل Comorin علاقے، جنوب مغربی اور جنوب مشرقی خلیجِ بنگال کے بہت سے علاقوں، بحرِ انڈمان میں اِسی طرح کی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔x

**Delhi IMD**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے قومی راجدھانی میں آئندہ تین سے چار دنوں میں گرمی کی لہر کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD کے مطابق شہر کے کسی کسی مقام پر دن کے دوران شدید گرمی کی لہر کی صورتحال رہنے کی توقع ہے۔

**Rev ONOE JPC Gujarat**

گجرات سرکار نے ''ایک ملک، ایک انتخاب'' بل کے تئیں اپنی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے نائب وزیرِ اعلیٰ ہرش Sanghvi نے یہ بات ''ایک ملک، ایک انتخاب'' سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے ذریعے گاندھی نگر میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے ایک وفد کے ساتھ منعقدہ تبادلۂ خیال کے بعد کہی۔ یہ اِس کمیٹی کے دورے کا آج

دوسرا دن تھا۔x

## DRDO Missile Trail

دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے بنا پائلٹ والے Aerial Vehicle سے داغے گئے Precision Guided Misslile کی تیاری کی کامیاب فائنل آزمائش کی، جو ملک کے دفاعی شعبے کیلئے ایک اہم حصولیابی ہے۔ اِن آزمائشوں سے جنگ کی مختلف صورتحال میں میزائل کی ٹھیک نشانے پر وار کرنے کی صلاحیت اور معتبریت کا کامیاب مظاہرہ ہوا۔ اس موقع پر وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے DRDO کی ستائش کی اور اِسے دفاعی شعبے میں آتم نربھرتا کی جانب حاصل کردہ ایک اہم سنگِ میل قرار دیا۔x

## IPL

IPL کرکٹ میں ایڈن گارڈن کے تاریخی میدان میں ممبئی انڈینس اور میزبان کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ جاری ہے۔

آخری خبریں ملنے تک ممبئی انڈینس نے 10 اوورز میں 4 وکٹ پر 64 رن بنا لئے ہیں۔

اِس سے قبل کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

گزشتہ روز جے پور میں کھیلے گئے میچ میں راجستھان رائلس نے لکھنؤ سپُر جائنٹس کو 7 وکٹ سے شکست دے کر پلے آف میں بنے رہنے کی اپنی امید برقرار رکھی ہے۔ x

## Core Industries

آٹھ اہم صنعتوں کے مشترکہ اشاریے میں سالانہ بنیاد پر اِس سال اپریل میں ایک اعشاریہ 7 فیصد کا اضافہ درج کیا گیا، جو مارچ کے ایک اعشاریہ دو فیصد سے زیادہ ہے۔ کامرس اور صنعتوں کی وزارت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پچھلے مہینے سیمنٹ کی پیداوار میں 9 اعشاریہ چار فیصد، اسٹیل میں چھ اعشاریہ دو فیصد اور بجلی پیدا کرنے میں چار اعشاریہ ایک فیصد کا سالانہ اضافہ ہوا۔ x

## UP EL Nino

اترپردیش کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج کہا کہ ریاست کو خوراک کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے پیشگی طور پر تیار رہنا چاہیئے کیونکہ آنے والے سالوں میں El Nino کے اثر کے باعث فصلیں متاثر ہوسکتی ہیں۔ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے، انہوں نے منڈی ٹیکس اور منڈی فیس نظام میں اصلاحات کیلئے زور دیا۔x

## Sitharaman Sergio Gor

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن نے آج نئی دلّی میں بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor سے ملاقات کی۔ وزارتِ خزانہ نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا کہ میٹنگ کے دوران انہوں نے بھارت - امریکی اقتصادی اور مالیاتی شراکت داری، بھارت - امریکی Fintech تعاون، سرمایہ کاری کے مواقع اور باہمی تعاون کو مزید بہتر کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔ محترمہ سیتارمن نے آنے والے 250ویں امریکی یومِ آزادی پر جناب Sergio Gor کو مبارکباد بھی دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆